نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی اسلام آباد میں منعقدہ فیڈرل کمیٹی آن ایگریکلچر 26-2025 کے منعقدہ اجلاس میں شرکت

لاہور24اپریل2025: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے فیڈرل کمیٹی آن ایگریکلچر 26-2025 کے اسلام آباد میں منعقدہ اجلاس میں شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر خطہ پوٹھوار میں زرعی شعبہ کی ترقی کے لیے خصوصی ٹرانسفارمیشن پلان تیار کر لیا گیا ہے جس کے تحت سبسڈی پر متعدد زرعی سہولیات کی فراہمی کا جامع پروگرام پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ حکومت پنجاب خطہ پوٹھوار میں زرعی ترقی کے لیے فیاضانہ وسائل فراہم کر رہی ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ خطہ پوٹھوار میں زمین اور پانی کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔اس کے علاوہ زیادہ استعداد کار کے نظام آبپاشی، لینڈ ڈویلپمنٹ اور لیزر لینڈ لیولرز کے لیے بھی خصوصی سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔خطہ پوٹھوار میں سبسڈی پر ادرک کی کاشت کے لیے خصوصی پروگرام متعارف کروایا گیا ہے جبکہ زیتون کی کاشت میں مزید اضافہ کے لیے بھی کاشتکاروں کو بھرپور سپورٹ فراہم کی جائے گی۔انہوں نے مزید بتایا کہ مونگ پھلی کی پیداوار بڑھانے کے لیے سبسڈی پر زیادہ پیداواری صلاحیت کا بیج اور جدید آبپاشی کی سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔

☆☆☆☆